جماعت احمدیہ کینیڈا کے 32ویں جلسہ سالانہ کا حضور انور کے پُرمعارف خطبہ سے آغاز

خدا تعالیٰ کا قرب اور اس سے سچا تعلق ہر ایک کا مطمح نظر ہونا چاہئے

ہمیں ان دنوں میں فروتنی کے سجدوں کی تلاش کرنی چاہئے تا کہ ہماری عبادتوں کے معیار بلند ہوں

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبہ جمعہ فرمودہ 27 جون 2008ء بمقام اونٹاریو کینیڈا کا خلاصہ

خطبہ جمعہ کا یہ خلاصہ ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ جمعہ کے آغاز میں فرمایا کہ آج اس خطبے کے ساتھ جماعت احمدیہ کینیڈا کا جلسہ سالانہ شروع ہو رہا ہے۔ دنیا کے ہر ملک میں جماعت کے جلسے منعقد ہوتے ہیں جس کی وجہ سے جماعت ان جلسوں کے مقصد اور روایات سے اچھی طرح واقف ہو گئی ہے۔ ایم ٹی اے نے تو ہر احمدی کو دنیا میں منعقد ہونے والے جلسوں کے نظارے دکھا کر ایک وحدت میں پرو دیا ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ جماعت کا مزاج دنیا کے ہر خطے اور ہر قوم میں آپ کو ایک جیسا نظر آئے گا اور وہ ہے نیکیوں میں آگے بڑھنے اور اپنے اندر پاک تبدیلیاں پیدا کرنے کی کوشش اور جب تک کسی بھی احمدی میں یہ کوشش جاری رہے گی وہ جماعت کا ایک فعال رکن بنا رہے گا۔ ان کے چہروں پر وہ آثار نظر آئیں گے جو اللہ تعالیٰ کی طرف قدم بڑھانے والے لوگوں میں نظر آتے ہیں اور نظر آنے چاہئیں۔ ایسے مومنوں کے متعلق اللہ تعالیٰ فرماتا ہے تو انہیں رکوع کرتے ہوئے اور سجدہ کرتے ہوئے دیکھے گا۔ اس قسم کے عباد الرحمٰن پیدا کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود کو مبعوث فرمایا۔ آپ نے اپنی جماعت کو ایسے مومن بننے کی طرف توجہ دلائی جو خدا کی راہ میں حقیقی مومن ہیں۔

حضور انور نے فرمایا حقیقی مومن جن کی غرض خدا تعالیٰ کی عبادت کرنا ہے خدا تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود کو عطا فرمائے ہیں۔ ہمارے سجدے اور ہماری عبادتیں اس معیار پر ہونی چاہئیں کہ جن سے خدا تعالیٰ کا قرب حاصل ہو۔ ہماری عبادتیں صرف کھوکھلی عبادتیں نہ ہوں۔ اسی مقصد کے حصول کیلئے حضرت مسیح موعود نے جلسوں کا سلسلہ شروع کیا۔ جب تک دل فروتنی کا سجدہ نہ کرے ظاہری سجدہ ہیچ ہے دل کا قیام، رکوع اور سجدہ ہونا چاہئے۔

فرمایا ہمیں ان دنوں میں فروتنی کے سجدوں کی تلاش کرنی چاہئے تا کہ ہماری عبادتوں کے معیار بلند ہوتے چلے جائیں انسان کو خدا تعالیٰ نے وہ خواص اور قویٰ عطا فرمائے جو کسی دوسری جاندار مخلوق کو نہیں دیئے گئے۔ خدا تعالیٰ کی رضا کے راستے میں اس کے عبادت گزار بندے بننا اور نیک اعمال بجالانا ہیں۔ انسان کی پیدائش کا مقصد اس کی عبادت ہے۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔ تمہارے پیدا کرنے سے خدا کا مقصد اس کی عبادت ہے اور یہ کہ تم اللہ کے بن جاؤ اور دنیا مقصود بالذات نہ ہو۔ اپنے تمام کاموں کو دیکھو کہ ان میں خدا تعالیٰ کی رضا مقصود ہو۔ انسان کی پیدائش کی غرض اللہ کا قرب اور عرفان ہے۔ اللہ تعالیٰ نے انسانی فطرت میں عبادت رکھی ہے۔ اللہ نے قرآن پاک میں متعدد جگہوں پر اس کا ذکر کیا ہے۔ جب اللہ کی تخلیق پر ایک عابد بندہ فکر کرتا ہے تو مزید خدا تعالیٰ کا قرب حاصل کرتا ہے۔ آسمانوں اور زمین کی پیدائش اور رات دن کے آگے پیچھے آنے میں عقلمندوں کیلئے نشانیاں ہیں۔ فرمایا محترم ڈاکٹر عبدالسلام صاحب نے بھی اللہ تعالیٰ سے مدد طلب کرتے ہوئے اپنی تحقیق میں قرآن کریم کی آیت سے رہنمائی حاصل کی۔ پڑھنے والے نوجوان خدا تعالیٰ سے مدد مانگیں گے تو زیادہ فہم اور ادراک حاصل ہوگا۔ اللہ تعالیٰ قرآن پاک میں فرماتا ہے کہ ہماری آیتوں پر وہی لوگ ایمان لاتے ہیں جو سجدہ کرتے ہوئے زمین پر گر جاتے ہیں۔ جتنا ایک مومن قرآن کی تعلیم، خدائی تخلیق پر کائنات پر غور کرتا ہے تو وہ اپنے پیدا کرنے والے کو پہچانتا ہے۔ ہمیں خدا تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے کے لئے اسی کے آگے جھکنے کی ضرورت ہے۔ عبادت کی ضرورت ہے۔ عبادت میں سب سے اول نماز ہے۔ انسان ہر قسم کی ملونی اور شرک سے پاک ہو جائے۔ بہت توبہ استغفار کرے اور خدا تعالیٰ سے سچا تعلق پیدا کرے یہی نماز کا خلاصہ ہے۔

جو خدا کے ہوتے ہیں خدا ان کا ہوتا ہے اور ہر ایک میدان میں ان کو نصرت عطا کرتا ہے۔ آج خدا تعالیٰ نے اپنے عبادت گزار بندوں سے خلافت کی نعمت کا وعدہ کیا ہے۔ خلافت سے وہی لوگ فیض پائیں گے جو حقیقی عبادت گزار بندے ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ عبادت گزاروں کیلئے خلافت کے ذریعہ تمکنت دین کے سامان کرتا چلا جائے گا۔

حضور انور نے فرمایا 27 مئی خلافت جوبلی کے حوالے سے سب جگہ جماعتوں نے پروگرام بنائے جو خلافت احمدیہ سے محبت کی علامت تھے بلکہ خلافت سے محبت کی ایک چنگاری تھی۔ اس چنگاری کو شعلوں میں بدلنے کی کوشش کریں پھر ان شعلوں کو آسمان تک پہنچانے کی کوشش کرنی چاہئے۔ یہی طریقہ ہے کہ خدا تعالیٰ کا قرب حاصل ہو۔ ہر ایک اپنے خدا سے اپنے سجدوں میں یہ عہد کرے کہ ہم اس نئے عہد کو ہمیشہ نبھائیں گے۔ حضور انور نے دعا کی کہ آج کا یہ جلسہ بھی ہر ایک کو عبادت کی طرف توجہ دلانے والا ثابت ہو اللہ تعالیٰ ہر احمدی کو اس کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین